# خفیہ پیغامات

امریتا اور پرتیوش ایک دوسرے کو خفیہ پیغام لکھ رہے ہیں۔







کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وہ کیا کہنا چاہ رہے ہیں نیچے دو اور خفیہ پیغامات ہیں ۔ پیٹرن کو دیکھیے اور خفیہ پیغام معلوم کیجیے۔

1 I 2 L 3 O 4 V 5 E 6 Y 7 O 8 U

ATBHCIDS EBFOGOHK IIJS KFLUMN

اب آپ بھی اپنے خفیہ پیغام لکھیے۔

# جفت اور طاق اعداد کے پیٹرن۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹۱ | ۹۲ | ۹۳ | ۹۴ | ۹۵ | ۹۶ | ۹۷ | ۹۸ | ۹۹ | ۱۰۰ |
| ۸۱ | ۸۲ | ۸۳ | ۸۴ | ۸۵ | ۸۶ | ۸۷ | ۸۸ | ۸۹ | ۹۰ |
| ۷۱ | ۷۲ | ۷۳ | ۷۴ | ۷۵ | ۷۶ | ۷۷ | ۷۸ | ۷۹ | ۸۰ |
| ۶۱ | ۶۲ | ۶۳ | ۶۴ | ۶۵ | ۶۶ | ۶۷ | ۶۸ | ۶۹ | ۷۰ |
| ۵۱ | ۵۲ | ۵۳ | ۵۴ | ۵۵ | ۵۶ | ۵۷ | ۵۸ | ۵۹ | ۶۰ |
| ۴۱ | ۴۲ | ۴۳ | ۴۴ | ۴۵ | ۴۶ | ۴۷ | ۴۸ | ۴۹ | ۵۰ |
| ۳۱ | ۳۲ | ۳۳ | ۳۴ | ۳۵ | ۳۶ | ۳۷ | ۳۸ | ۳۹ | ۴۰ |
| ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ |
| ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |

ان اعداد میں آدھے اعداد پیلے رنگ کے خانوں میں ہیں۔ان اعداد میں آپ کو کیا پیٹرن نظر آرہے ہیں؟

اسی پیٹرن کو آگے بڑھائیے اور خالی جگہوں کو بھریے۔

۹۶, ۹۸, ____, ۱۰۲, ____, ____, ____, ____, ____

آپ اس پیٹرن کو کتنا آگے تک بڑھا سکتے ہیں؟

ان اعداد کا ایک خاص نام ہے۔ان کو جفت اعداد کہتے ہیں۔

کیا ان جفت اعداد میں سے کوئی بھی عدد ۳ یا ۵ پر ختم ہو رہا ہے۔

جفت اعداد کن اعداد پر ختم ہوتے ہیں۔

نیلے، رنگ کے اعداد کے پیٹرن کو دیکھیے۔پیٹرن کو آگے بڑھائیے اور خالی جگہوں کو بھریے۔

۹۹, ۱۰۱, ____, ۱۰۵, ۱۰۷, ____, ____, ____

نیلے رنگ والے اعداد کن اعداد پر ختم ہو رہے ہیں۔

وہ تمام اعداد جو ۱، ۳، ۵، ۷ یا ۹ پر ختم ہوتے ہیں طاق اعداد کہلاتے ہیں۔

۴۰۰ اور ۴۱۰ کے درمیان کے تمام طاق اعداد لکھیے۔

---

۱۵۵ اور ۱۶۵ کے درمیان کے تمام جفت اعداد لکھیے۔

---

اگر ہم کسی طاق عدد میں ۱ جوڑیں تو ہم کو ایک جفت/ طاق عدد ملے گا۔ ____________________

اگر ہم کسی جفت عدد میں ۱ جوڑیں تو ہم کو ایک جفت/ طاق عدد ملے گا۔ ____________________

کسی طاق عدد میں جب آپ ایک جفت عدد جوڑیں گے تو آپ کو کیا ملے گا؟

## نام ترتیب میں

عادل کو نیچے دی گئی فہرست کو اس طرح ترتیب دینی ہے کہ الف سے شروع ہونے والے نام سب سے پہلے آئیں پھر ب، س، ش وغیرہ کے آئیں۔ جو نام سب سے پہلے آئے گا اس کے سامنے الف لکھیں گے۔ اسی ترتیب سے سبھی کے نام لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شاردا | مہادیون | تینسنگ | عادل | |
| گریندر | بائی چنگ | ہرشا | راجہ | |
| نارائن | کویتا | ورشا | ایلویس | جلج |

جلج کو اپنے خاص نام پر فخر ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ میرا نام اگر الٹا بھی پڑھا جائے تو یہ میرا نام ہی پڑھا جائے گا۔

درج ذیل ناموں میں کن ناموں کے پیٹرن ایسے ہیں؟ (✓) کا نشان لگائیے۔

ہرش، انا، کنک، مُنّا، جینی۔

## ١١ جگ اور مگ

4311CH11




### بنّی کے خاندان میں شادی

بنّی کے گھر شادی ہو رہی تھی۔ یہ ایک خرگوشوں کا خاندان تھا۔ ہرن ، بندر، ہاتھی، بلی، چوہے، کتے، لومڑی، اونٹ، نیولہ جیسے بہت سے مہمان بلائے گئے۔ سبھی کو ایک خاص شربت پلایا جا رہا تھا۔ سب کو ایک ایک گلاس مل رہا تھا۔ سبھی کو شربت بہت مزیدار لگ رہا تھا۔ لیکن کچھ چھوٹے مہمان جیسے ـــــــ ، ـــــــ سے ایک پورا گلاس بھی ختم نہیں ہوا۔ لیکن ـــــــــــ نے اپنا پورا گلاس ختم کر لیا۔

کچھ ایسے بھی تھے جنھوں نے ایک سے زیادہ گلاس مانگا۔ جیسے ____________، ____________،
____________،

مشکل اب شروع ہوئی!!!

وہاں کچھ بڑے مہمان بھی تھے جو گلاس پہ گلاس انڈیلے جا رہے تھے۔

بنی اندازہ لگانا چاہتا ہے کہ کس نے کتنے گلاس پیے۔

جدول بنانے میں اس کی مدد کیجیے۔



| کس نے کتنے پیے | مہمانوں کے نام |
|---|---|
| ۱ سے کم گلاس | ____________، ____________ |
| ۱ سے ۵ گلاس کے بیچ | ____________، ____________ |
| ۵ سے ۱۰ گلاس کے بیچ | ____________، ____________ |
| ۱۰ گلاس سے زیادہ | ____________، ____________ |




## پانی اندر، پانی باہر

کیا تم کبھی گتو کی طرح سوچتے ہو؟

ایک دن میں تم اندازاً کتنے گلاس پانی پی جاتے ہو؟

گرمیوں کے دنوں میں: ____________ گلاس

سردی کے دنوں میں: ____________ گلاس

کیا تم بتا سکتے ہو کہ تمہارے جسم سے ایک دن میں کتنا پانی نکلتا ہے۔




# بالٹیاں اور بوتلیں



ایک لیٹر کی ایک بوتل لو۔ (یہ پانی یا تیل کی خالی بوتل ہو سکتی ہے)۔ اب اپنے گھر سے کچھ اور خالی بوتلیں، مگ، جگ، گلاس، کٹوری، پتیلا وغیرہ اکٹھّا کرو۔ ایک لیٹر کی بوتل کی مدد سے معلوم کرو کہ ان میں سے کس میں ایک لیٹر سے زیادہ اور کس میں ایک لیٹر سے کم پانی آتا ہے۔
اگر تم چاہو تو ایک چھوٹی تصویر بناؤ۔







| ۱ لیٹر سے کم | ۱ لیٹر سے زیادہ |
|---|---|
| کٹوری  | پتیلی  |
| | |
| | |
| | |
| | |

— اب ذرا اپنے گھر کی بالٹیوں کو دیکھو

— اندازہ لگاؤ کہ ان میں کتنا پانی آ سکتا ہے۔

— 1 لیٹر والی بوتل کی مدد سے یہ دیکھو کہ کیا سبھی بالٹیوں کے لیے ایک کا اندازہ صحیح ہے۔

| بالٹی | میرا اندازہ | میرا ناپ |
|---|---|---|
| ۱ بالٹی | | |
| ۲ بالٹی | | |
| ۳ بالٹی | | |

# صحیح جوڑے ملایئے




تقریباً ۱۲ لیٹر



(دودھ ناپنے کا پیمانہ)

$\frac{۱}{۲}$ لیٹر سے کم



(پانی کی ٹنکی)

تقریباً ۵ لیٹر



(بالٹی)

۱۰۰۰ لیٹر



(آنکھوں کی دوا کی شیشی)

$\frac{۱}{۲}$ لیٹر



(پانی کی صراحی)

# کس کے جگ میں زیادہ پانی آتا ہے؟

نعیمہ اور جیتو کیا کر رہے ہیں؟

اگر نعیمہ اپنے جگ میں ایک گلاس پانی ڈالتی ہے تو وہ کچھ اس طرح دکھائی دیتا ہے۔



نعیمہ کو لگا کہ اس کو جگ بھرنے کے لئے تقریباً ۳ گلاس پانی ڈالنا ہوگا۔ تمھیں کیا لگتا ہے؟ ________________


اگر جیتو اپنے جگ میں ایک گلاس پانی ڈالتا ہے تو وہ اس طرح لگتا ہے :



- بتاؤ کہ کس کے جگ میں زیادہ پانی آئے گا؟
- تمھیں کیا لگتا ہے کہ جیتو کو اپنا جگ بھرنے کے لئے اس میں کتنے گلاس پانی ڈالنا ہوگا؟ ________________
- اگر جیتو ایک گلاس پانی اور ڈالتا ہے تو اس کا جگ تقریباً ________ بھر جائے گا۔

## مٹکے بھرنا

نَسیم اور عَبدُل کو اپنے اپنے مٹکے پانی سے بھرنے ہیں۔ دونوں مٹکے ایک جیسے بڑے اور بھاری ہیں۔ انھوں نے اپنی بوتل بھری اور پھر اس کو لے جا کر مٹکے میں ڈالا۔ اس لئے انہیں بار بار نل کے پاس جانا پڑا۔



نَسیم نل سے       بار بوتل بھر کر لائی جب کہ عَبدُل کو اپنی بوتل صرف ۸ بار ہی بھرنی پڑی۔

* نَسیم کو عَبدُل سے زیادہ بار کیوں جانا پڑا؟
* عَبدُل کی بوتل سے نَسیم کی بوتل میں ______ (دوگنا/آدھا/تین گنا) پانی آ سکتا ہے۔

## کتنے گلاس




مٹکا نمبر ب میں پورے ۱۱ گلاس پانی آتا ہے۔ مٹکا نمبر الف میں ب نمبر کے مٹکے سے دوگنا پانی آتا ہے۔ مٹکا الف کو بھرنے کے لئے کتنے گلاس پانی چاہیے؟ ______

بچوں کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ پانی، دودھ وغیرہ کو ناپنے کا اور الگ الگ طرح کے برتنوں، بوتلوں وغیرہ کے سائز کا موازنہ کرنے کے تجربات کو بتائیں۔ انہیں اس کا موقع ملنا چاہیے کہ وہ گلاس بھر، بالٹی بھر، جیسے الفاظ کا استعمال کر سکیں، ساتھ ہی اس کی بھی کوشش کی جانی چاہیے کہ وہ پانی کی مقدار سے متعلق الفاظ آدھا، دوگنا، چار گنا، سے واقف ہوں اور انہیں ۱ لیٹر تقریباً کتنا ہوتا ہے اس کا احساس ہو۔

# گڑھے بھرنا


یہ شہر کوہیما کے پاس ہے یہاں سڑک پر کچھ گڑھے تھے۔ بارش آنے سے پہلے بچے چھوٹے چھوٹے پتھروں سے ان گڑھوں کو بھر دینا چاہتے تھے۔

وہ سب ایک جیسے مگوں میں کنکر اور پتھر بھر کر لائے ۔

گڑھا ۹ الف مگ کنکر سے بھر گیا۔

گڑھا ۱۸ ب مگ کنکر سے بھر گیا۔

گڑھا ۱۲ ج مگ کنکر سے بھر گیا۔




- تصویر میں صحیح گڑھوں پر الف ، ب اور ج لکھئے۔
- سب سے بڑا گڑھا کون سا ہے؟
- اگر گڑھوں کو بھرنے میں جگ کا استعمال کیا جائے تو گڑھا ۵ الف جگ سے بھرے گا۔ گڑھا ب کو بھرنے میں کتنے جگ پتھر لگیں گے۔

4311CH12

# ۱۲ کیا ہم مل کر کام کر سکتے ہیں؟


ہر گروپ میں کتنے ہیں؟



- یہاں پر ۱۰ تتلیاں ہیں۔

وہ ۲ گروپ میں بٹی ہیں۔


ہر گروپ میں ۵ تتلیاں ہیں۔



◆ یہاں ________ ریشم کے کیڑے ہیں۔

وہ ________ گروپ میں بٹے ہیں۔

ہر گروپ میں ________ ریشم کے کیڑے ہیں۔




◆ یہاں پر ________ لڈو ہیں۔

وہ ________ گروپ میں بٹے ہیں۔


ہر گروپ میں ________ لڈو ہیں۔

◆ ۱۸ ستارے بنائیے
انہیں ۲ برابر گروپ میں بانٹیے۔




ہر گروپ میں ______ ستارے ہیں۔


◆ ۱۸ موتیوں کی تصویر بنائیے
انہیں ۳ برابر گروپ میں بانٹیے۔



ہر گروپ میں ______ موتی ہیں۔

## دانوں کو بانٹیے





چڑیا ۱۲ دانے لے کر آئی۔

وہ انہیں برابر برابر کیسے بانٹے گی؟

چڑیا نے ہر بچہ کو ایک ایک دانہ دیا۔



اس کے بعد چڑیا نے پھر ایک ایک دانہ بچوں کو دیا۔



اب ہر بچے کے پاس ۲ دانے ہیں تو پھر کتنے دانے بچے ہیں؟ ______

اس نے ہر بچہ کے منہ میں ۱ دانہ اور ڈال دیا۔

سبھی دانے ختم ہو گئے۔




۱۲ دانے بچوں میں بانٹ دیئے گئے۔ یعنی ۱۲ کے ۴ حصے کر دیئے گئے۔ ہر بچے کو ۳ دانے ملے۔

۱۲ ÷ ۴ = ۳

## اب ذرا یہ کر کے دیکھو........

- گوپو کے پاس ۳ پلیٹوں میں جلیبیاں ہیں۔

ہر پلیٹ میں جلیبیوں کی تعداد الگ الگ ہیں۔




پہلی پلیٹ

دوسری پلیٹ

تیسری پلیٹ

اپنے نیچے دی گئی پلیٹوں میں جلیبی بنائیے۔ اس طرح کی ہر پلیٹ میں جلیبیوں کی تعداد برابر برابر ہو۔



پہلی پلیٹ

دوسری پلیٹ

تیسری پلیٹ


کل ملا کر یہاں پر کتنی جلیبیاں ہیں؟__________

ہر پلیٹ میں کتنی جلیبیاں ہیں؟__________

کلاس میں بات چیت کیجئے کہ آپ نے جواب کیسے حاصل کیا۔

## برابر بانٹنا






یہاں چھ کیلے ہیں۔

یہاں پر تین بندر ہیں۔

اگر وہ کیلوں کو برابر برابر حصوں میں بانٹتے ہیں تو ہر بندر کو دو کیلے ملیں گے۔


چھ کیلوں کے تین برابر حصّے = ۲ کیلے ہر حصہ میں

۲ = ۳ ÷ ٦



اگر چھ کیلے ہوں





اور دو بندر ہوں، تو

ہر بندر کو تین کیلے ملیں گے۔

چھ کیلے ÷ ۲ = ۳ کیلے ہر حصہ میں

۳ = ۲ ÷ ٦

بچوں کو اس کا استعمال کرنے کا موقع دیں تا کہ کیسے چیزیں برابر برابر بانٹی جاتی ہیں اور متعلقہ تقسیم کے لیے ایک جملہ لکھیے۔






اگر ٦٠ کیلے ہیں اور ٢ بندر تو ہر بندر کو کتنے کیلے ملیں گے؟

________ کیلے۔



- پانچ دوستوں کو سڑک پر ٥ روپے کے ١٠ سکے ملے۔

انہوں نے ان سکوں کو برابر برابر بانٹ لیا۔ ہر دوست کو ١٠ روپے ملے۔

٥٠ ÷ ٥ = ١٠


اگر ١٠ روپے کے ١٦ نوٹ ہوں اور ٤ دوستوں میں بانٹنا ہو تب

٤ × ١٠ = ٤٠ اور ١٦ ÷ ٤ = ________



اس طرح ان میں سے ہر دوست کو ________ روپے ملیں گے۔

٥ دوستوں کو ١٠٠ روپے ملے۔ اگر وہ اسے برابر برابر حصے میں بانٹ لیں تو ان میں سے ہر ایک کو کتنے روپے ملیں گے؟ ________



- ہری پرشاد کے پاس ٣٠ میٹر لمبی رسی ہے۔

وہ اسے اپنے ٣ بچوں میں برابر برابر بانٹنا چاہتا ہے۔


ہر بچے کو ________ میٹر لمبی رسی ملے گی۔

اگر ٣٦ میٹر لمبی رسی ہو تو ہر بچہ کو کتنی رسی ملے گی؟

اور اگر ٦٠ میٹر لمبی رسی ہو تو ہر بچے کو کتنی رسی ملے گی؟ ________

# الماری کے کتنے خانے؟

میرے پاس ۲۰ کتابیں ہیں۔ میں الماری کے ایک خانے میں ۵ کتابیں رکھ سکتا ہوں، تو بتایئے کہ مجھے ان سبھی کتابوں کو رکھنے کے لئے الماری میں کتنے خانوں کی ضرورت ہوگی؟



پہلے خانے میں ۵ کتابوں کو رکھنے کے بعد ۱۵ کتابیں بچیں



دوسرے خانے میں ۵ اور کتابیں رکھیں۔

۱۰ کتابیں بچیں۔



تیسرے خانے میں ۵ اور کتابیں رکھیں۔

۵ کتابیں بچیں۔



چوتھے خانے میں ۵ اور کتابیں رکھیں۔

۲۰ کتابوں سے الماری کے ۴ خانے بھر گئے ہیں۔

۵-۵ کتابوں کے گروپ بنانے پر ۲۰ کتابیں

۴ خانوں میں آ گئیں۔

اس صفحہ پر اور اگلے صفحہ پر برابر برابر گروپ بنا کر تقسیم کی گئی ہے۔ مثال کے طور پر ۵ کتابوں کے برابر برابر گروپ بنائے گئے ہیں۔ یہ عمل برابر برابر بانٹنے سے الگ (۴ خانوں میں بانٹنے سے) ہے۔

◆ آیئے اب یہ کام کرتے ہیں؟

یہاں پر ۲۸ بٹن ہیں۔



ایک درزی ایک قمیص میں ۴ بٹن لگاتا ہے۔

ان ۷ قمیصوں میں بٹن لگے ہوئے ہیں۔






۲۸ ÷ ۴ = ۷

اگر ۲۸ بٹن ہوں اور درزی ہر قمیص پر ۷ بٹن لگائے، تو ________ قمیصوں میں بٹن لگیں گے۔

۲۸ ÷ ۷ = ________

## مشق کا وقت

۱ - منکو کے پاس ۱۵ لڈو ہیں اور وہ انہیں ۵ ڈبوں میں برابر برابر رکھتی ہے۔



(الف) ہر ڈبے میں کتنے لڈو ہوں گے؟

ہر ڈبے میں ______ لڈو ہوں گے۔


۱۵ ÷ ۵ = ______

(ب) اگر وہ صرف ۳ ڈبوں کا استعمال کرتی ہے تو ہر ڈبے میں کتنے لڈو ہوں گے؟

ہر ڈبے میں ______ لڈو ہوں گے

______ ÷ ۳ = ______

۲ - آپ کو ۲۵ کیلوں کو ۵ بندروں میں بانٹنا ہے تو آپ ہر بندر کو کتنے کیلے دیں گے۔



ہر بندر کو ______ کیلے ملیں گے۔

۳۔ آپ کو ۱۲ غبارے کو ۳ لڑکوں میں بانٹنا ہے ہر لڑکے کو کتنے غبارے ملیں گے؟






______ ÷ ______ = ______

ہر لڑکے کو ______ غبارے ملیں گے۔


۴۔ یہاں پر ۲۱ موم بتیاں ہیں۔ انہیں ۳ ڈبوں میں برابر برابر رکھنا ہے۔ ہر ڈبے میں کتنی موم بتیاں ہوں گی؟

______ ÷ ______ = ______




۵ - یہاں ۱۸ موزے ہیں۔

ان موزوں کو کتنی لڑکیاں پہن سکتی ہیں؟




۶ - راج کے پاس روٹیاں بنانے کے لئے ۳۶ منٹ ہیں۔ ایک روٹی بنانے میں ۳ منٹ لگے ہیں۔ وہ اتنے وقت میں کتنی روٹیاں بنا سکتا ہے۔




وہ اتنے وقت میں ______ روٹیاں بنا سکتا ہے۔

۷ - یہاں پر بکریوں کے پیروں کے ۲۴ نشان ہیں۔ اندازہ لگائیے یہاں کتنی بکریاں آئی ہوں گی۔



۸- کچھ لڑکیاں اپنے دونوں ہاتھوں سے ایک کھیل کھیل رہی ہیں۔ کھیلنے والی لڑکیوں کی کل ملا کر ۶۰ انگلیاں ہیں۔ اس کھیل کو کتنی لڑکیاں کھیل رہی ہیں؟



۹۔ لکشمی کو ۲۷ کلو آلو بیچنے تھے۔

تین آدمیوں نے برابر برابر (وزن) آلو خریدے۔

ہر آدمی نے ________ کلو آلو خریدے۔



## چھلانگ لگانے والے جانور



ایک مینڈک ایک بار میں ۲ قدم کودتا ہے۔



ایک گلہری ایک بار میں ۳ قدم کودتی ہے۔




ایک خرگوش ۵ قدم کودتا ہے۔



ایک گھوڑا ۱۵ قدم کودتا ہے۔

ایک کنگارو ۳۰ قدم کودتا ہے۔




اگلے صفحے پر دیئے گئے راستے کا استعمال کر کے معلوم کیجیے کہ۔

۱۔ کتنی بار کود کر مینڈک ۳۰ پر پہنچ جائے گا؟

۳۰ ÷ ۲ = ________

۲۔ کتنی بار کود کر گلہری ۲۷ پر پہنچ جائے گی؟

۲۷ ÷ ۳ = ________




۳ - کنگارو ۲ بار کود کر کون سی گنتی پر پہنچے گا؟

۴ - ان میں سے کون کون عدد ۱۵ پر ملیں گے؟

________، ________، ________

۵ - کیا خرگوش کبھی بھی عدد ۱۵ پر پہنچے گا؟ ________

۶ - خرگوش کی کتنی چھلانگیں گھوڑے کی ایک چھلانگ کے برابر ہوں گی؟ ________

۷ - گھوڑے کی کتنی چھلانگیں کنگاروؤں کی دو چھلانگوں کے برابر ہوں گی؟

۸ - سب سے چھوٹے کون سے عدد پر مینڈک اور گلہری ملیں گے؟

# آپ کتنے مستعد ہیں؟

◆ ۲ کا پہاڑا استعمال کر کر کے جلدی سے تقسیم کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۸÷۲ | = | ۹ | اشارہ<br>۲×۹=۱۸ |
| ۱۸÷۹ | = | ۲ | |
| ۱۶÷۲ | = | | |
| ۲۰÷۲ | = | | |
| ÷۲ | = | ۷ | |
| ÷۲ | = | ۱۰ | |
| ۸÷ | = | ۴ | |
| ÷۲ | = | ۵ | |

◆ ۵ کا پہاڑا استعمال کیجیے۔جلدی سے تقسیم کیجیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰÷۵ | = | | اشارہ<br>۵×۲=? |
| ۲۰÷ | = | ۴ | |
| ۱۵÷۵ | = | | |
| ۴۰÷ | = | ۸ | |
| ۲۰÷۵ | = | | |
| ÷۵ | = | ۶ | |
| ۲۵÷۵ | = | | |
| ÷۵ | = | ۳ | |
| ۳۵÷۵ | = | | |
| ÷۵ | = | ۲ | |

◆ ۱۰ کا پہاڑا استعمال کیجیے۔جلدی سے تقسیم کیجیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۰÷۱۰ | = | | |
| ۳۰÷۱۰ | = | | |
| ۴۰÷۱۰ | = | | |
| ۵۰÷۱۰ | = | | |
| ۴۰÷ | = | ۴ | |
| ÷۱۰ | = | ۸ | |
| ÷۱۰ | = | ۵ | |
| ÷۱۰ | = | ۳ | |
| ÷۱۰ | = | ۲ | |
| ۶۰÷ | = | ۶ | |


بچوں کو اس بات کا بڑھاوا دیجئے کہ وہ تقسیم کرنے کے لئے دماغ میں پہاڑوں کا استعمال کریں۔

◆ انھیں بھی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹ ÷ ۳ | = | | |
| ۱۸ ÷ ۹ | = | | |
| ÷ ۲ | = | ۵ | |
| ۲۰ ÷ ۵ | = | | |
| ۱۲ ÷ ۴ | = | | |
| ۲۰ ÷ ۴ | = | | |
| ۱۲ ÷ | = | ۲ | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴ ÷ | = | ۲ | |
| ۱۴ ÷ ۷ | = | | |
| ۶ ÷ ۳ | = | | |
| ÷ ۲ | = | ۷ | |
| ÷ ۲ | = | ۳ | |
| ۱۵ ÷ ۳ | = | | |
| ۸ ÷ ۴ | = | | |
| ۱۵ ÷ ۵ | = | | |
| ۸ ÷ | = | ۴ | |
| ÷ ۲ | = | ۸ | |

## پہیلی




اس گھڑی کے چہرے کو تین حصوں میں اس طرح بانٹیے کہ ہر حصہ میں آنے والے عدد کا جوڑ برابر ہو۔

# ۱۳ اسمارٹ چارٹ

4311CH13



## الگ الگ رنگ کے پھول

کیا آپ کبھی باغیچہ میں گئے ہیں؟


آپ نے وہاں کس کس رنگ کے پھول دیکھے؟

کیا زیادہ تر پھول پیلے رنگ کے تھے؟

تصویر میں الگ الگ پھولوں کو دیکھیے جدول کو پورا کیجیے۔

| پھولوں کا رنگ | پھولوں کی تعداد |
|---|---|
| نیلا | |
| لال | |
| نارنجی | |
| بیگنی | |






صحیح پھول بنائیے۔ لکھیے کہ یہ کتنے ہیں۔

(۱) ________ کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔ اب بتائیے یہ کتنے ہیں؟ ________

(۲) ________ کی تعداد سب سے کم ہے۔ اب بتائیے یہ کتنے ہیں؟ ________

(۳) ________ سے ________ زیادہ ہیں۔

(۴) ________ سے ________ زیادہ ہیں۔



## ہم سڑک پر کیا دیکھتے ہیں؟

تصویر میں ٹریفک کا نظارہ (سین) دیکھیے اور آگے دی گئی جدول مکمل کیجیے۔



اس سبق میں اعداد و شمار کے ساتھ کام کرنے کی شروعات کی گئی ہے۔ اعداد و شمار ریاضی کا ایک اہم حصہ ہے۔ چھٹی کلاس تک آتے آتے بچوں کو اعداد و شمار اکٹھے کرنا، بار چارٹ اور جدول کی شکل میں ظاہر کرنا، اعداد و شمار کے نمونوں کو سمجھنا اور اس سے نتیجہ نکالنے کے قابل ہو جانا چاہیئے۔ ٹیچر اس کے لئے بچوں کے تجربات کا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اور ان میں سے کئی مزے دار مثالیں چن بھی سکتے ہیں۔ یہاں دی گئی تصاویر کو بھی کئی طرح کی درجہ بندی کی مشق کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے، جیسے کہ پھولوں میں کتنی پنکھڑیاں ہیں؟




| کتنے | سفر کا طریقہ |
|---|---|
| | پیدل (لوگ) |
| | سائیکل |
| | اسکوٹر |
| | |
| | |

ان سوالات کے جواب دیجیے۔

(۱) اس تصویر میں آنے جانے کا کون سا طریقہ سب سے زیادہ دکھائی دے رہا ہے؟_______

(۲) آنے جانے کا کون سا طریقہ (گاڑی) سب سے کم دکھائی دے رہا ہے؟_______

(۳) پیدل چلنے والے لوگوں کی تعداد _______ کی تعداد سے زیادہ ہے۔

(۴) بسوں کی تعداد _______ کی تعداد سے کم ہے۔

## کتنی بار ۶ آیا؟



کیا آپ نے پانسہ (Dice) سے کوئی کھیل کھیلا ہے؟


پانسہ کے الگ الگ پہلوؤں پر کتنے نقطے ہیں؟

* پانسہ پھینکو
* پانسہ پھینکنے پر جو پہلو اوپر آیا اس میں نقطوں کی تعداد دیکھیے۔
* ہر بار پانسہ پھینکنے کے بعد جدول میں اوپر آئی تعداد کے سامنے ایک ایسا نشان / لگائیے۔
* پانسہ ۳۰ بار پھینکیے اور ہر بار جدول میں ایک نشان لگائیے۔

مثال کے طور پر رابعہ نے اپنا پانسہ ۳۰ بار پھینکا۔  تین والا پہلو ۵ بار آیا۔

اس نے اپنی جدول میں ایسا بنایا۔  /////

اب آپ اپنی جدول کو مکمل کیجیے :



| پانسہ کا پہلو | کتنی بار آیا (ہر بار پھینکنے پر /) |
|---|---|
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |

(۱) پانسہ کا کون سا پہلو سب سے زیادہ بار آیا؟

(۲)  کتنی بار اوپر آیا؟ ________ بار۔

(۳)  والا پہلو  والے پہلو سے زیادہ بار آیا

(۴) اپنی جدول اپنے ساتھ بیٹھے ساتھی سے ملائیے۔ دونوں جدولوں میں کوئی فرق نظر آیا؟

## آس پاس کے لوگوں سے پتہ لگائیے

۱۔ اپنے آس پاس کے لوگوں سے ان کی پسندیدہ مٹھائی کے بارے میں بات کیجیے اور جدول بھریے۔



| من پسند کی مٹھائیاں | لوگوں کی تعداد |
| --- | --- |
| جلیبی | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

اوپر کی جدول کو دیکھتے ہوئے نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب دیجیے :

(۱) سب سے زیادہ پسند کی جانے والی مٹھائی ________ ہے۔

(۲) سب سے کم پسند کی جانے والی مٹھائی ________ ہے۔

(۳) ________ کو ________ سے زیادہ پسند کیا جاتا ہے۔
(مٹھائی کا نام) (مٹھائی کا نام)

(۴) ________ کو ________ سے زیادہ پسند کیا جاتا ہے۔

(۵) ________ کو ________ زیادہ پسند کیا جاتا ہے

(٦) ________ کو ________ سے زیادہ پسند کیا جاتا ہے۔



۲- اپنے دوستوں سے یہ معلوم کیجیے کہ ان کے گھروں میں کتنے لوگ رہتے ہیں اور اس جدول کو بھریئے۔

| ساتھ رہنے والے لوگوں کی تعداد | کتنے گھروں میں |
|---|---|
| ۱ - اکیلا | |
| ۲ - لوگ | |
| ۳ - لوگ | |
| ۴ - لوگ | |
| ۵ - لوگ | |
| ۶ - لوگ | |
| ۷ - لوگ | |
| ۸ - لوگ | |
| .................. | |





(۱) سب سے زیادہ گھروں میں ____________ لوگ رہتے ہیں۔

(۲) ایک گھر میں رہنے والے لوگوں کی سب سے کم تعداد ____________ ہے۔

(۳) چار لوگ والے گھروں کی تعداد ____________ ہے۔





۳۔ آپ کی کلاس کے ساتھی آج دوپہر میں کھانے کے لئے کیا لے کر آئے ہیں؟ معلوم کیجئے اور نیچے لکھیے۔

| کھانے کا سامان | بچوں کی تعداد |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

(۱) دوپہر میں کھانے کے لئے کون سی چیز سب سے زیادہ بچے لائے؟__________

(۲) کون سی چیز سب سے کم بچے لائے؟__________



## چارٹ بنائیے اور سجائیے




| حاضری کا بورڈ | | | |
|---|---|---|---|
| تاریخ ۰۸/۰۲/۲۰۱۸ | | | |
| کلاس | بچوں کی تعداد | حاضر بچے | غیر حاضر بچے |
| کلاس ۱ | ۲۷ | ۲۵ | ۲ |
| کلاس ۲ | ۲۳ | ۲۲ | ۱ |
| کلاس ۳ | ۲۴ | ۲۱ | ۳ |
| کلاس ۴ | ۲۲ | ۱۸ | ۴ |
| کلاس ۵ | ۲۵ | ۲۳ | ۲ |
| کل تعداد | | | |

یہ بورڈ ہر کلاس کے بچوں کی تعداد کو بتاتا ہے۔ حاضر اور غیر حاضر بچوں کی بھی معلومات فراہم کرتا ہے۔

* اس اسکول میں کتنے بچے ہیں؟__________
* یہ چارٹ جس دن کا ہے اس دن اسکول میں کل کتنے بچے غیر حاضر تھے؟__________

غیر حاضر بچوں کی تعداد

| کلاس | غیر حاضر بچے |
|---|---|
| کلاس ۱ | ☺☺ |
| کلاس ۲ | ☺ |
| کلاس ۳ | ☺☺☺ |
| کلاس ۴ | ☺☺☺☺ |
| کلاس ۵ | |




یہ چارٹ غیر حاضر بچوں کی تعداد کے بارے میں بتاتا ہے۔ ہر غیر حاضر بچے کو ☺ سے دکھایا گیا ہے۔

* اس چارٹ میں کلاس ۵ کے غیر حاضر بچوں کو دکھائیے۔

اب چارٹ کو دیکھئے اور خالی جگہ بھریئے :

(۱) کس کلاس میں غیر حاضر بچوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے؟ __________

(۲) کس کلاس میں غیر حاضر بچوں کی تعداد سب سے کم ہے؟ __________

(۳) کس کلاس میں تین بچے غیر حاضر ہیں؟ __________

(۴) کلاس ۴ میں اور کلاس ۵ میں غیر حاضر بچوں کی تعداد __________ اور __________ ہے۔

## آپ کا ہاتھ کتنا لمبا؟

- اپنے چار دوستوں کا ایک گروپ بنایئے۔
- کاغذ کی پٹیاں کاٹیے ۔ ان پٹیوں کی چوڑائی برابر ہونی چاہیئے۔
- ہر بچے کے ہاتھ کی لمبائی کو کاغذ کی پٹی سے ناپیے۔ ہاتھ کی لمبائی کے برابر پٹی کو کاٹیے اور اس پر بچے کا نام لکھیے۔



روہن، جیکب اور گیتا نے بھی اپنا ہاتھ ناپا انہوں نے اپنی پٹیوں کو ایسے چپکایا جیسے دکھایا گیا ہے۔




اس تصویر کو دیکھئے اور خالی جگہ بھریئے :

(۱) جیکب کے ہاتھ کی لمبائی، گیتا کے ہاتھ کی لمبائی سے ____________ (زیادہ/کم) ہے۔

(۲) گیتا کے ہاتھ کی لمبائی، روہن کے ہاتھ کی لمبائی سے ____________ (زیادہ/کم) ہے۔

(۳) ____________ کا ہاتھ سب سے لمبا ہے۔

(۴) ____________ کا ہاتھ سب سے چھوٹا ہے۔

نیچے دیئے گئے چارٹ میں اپنے گروپ کے سبھی دوستوں کی پٹیوں کو چپکا یئے۔ پٹیوں کے درمیان کچھ دوری رکھیے۔



# اسکول آنے والے بچے




اس تصویر کو دیکھئے اور جدول کو پورا کیجیے۔

| آنے کا طریقہ | ٹریکٹر | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| طلبہ کی تعداد | ۳ | | | | |

۳ بچے ٹریکٹر سے آ رہے ہیں۔ ہم جدول میں ۳ لکھتے ہیں۔ ہم چارٹ میں ٹریکٹر اور اوپر تین چہرے بھی بنائیں گے۔ چارٹ میں چہرے بنا کر دکھائیے کہ کتنے بچے بس، سائیکل وغیرہ سے آتے ہیں۔



خالی جگہوں کو بھریئے :

(۱) زیادہ تر طلبہ اسکول ______ سے آتے ہیں۔

(۲) پیدل آنے والے طلبہ کی تعداد سائیکل سے آنے والے طلبہ کی تعداد سے ______ (زیادہ/کم) ہے۔

(۳) اسکول میں سب سے کم طلبہ ______ سے آتے ہیں

اب سمجھے اس کو اسمارٹ چارٹ کیوں کہتے ہیں؟ صرف اس کو دیکھ کر ہی ہم بہت کچھ جان سکتے ہیں۔ چلیے کچھ اور ایسے چارٹ بنائیں۔



## مشق کا وقت

اپنے آس پاس کی چیزوں کو دیکھ کر اسمارٹ چارٹ بنایئے۔ جیسے —



* کس چڑیا میں الگ الگ طرح کے رنگ سب سے زیادہ ہوتے ہیں؟




* کس جانور کو پالتو بنانے کے لئے سب سے زیادہ پسند کیا جاتا ہے؟

# تمہاری ناپسندیدہ سبزیاں


کون سی سبزی آپ کو سب سے زیادہ ناپسند ہے؟ اپنے دوستوں سے بھی پوچھیے اور جدول میں بھریئے۔



| ناپسندیدہ سبزیاں | بچوں کی تعداد |
| --- | --- |
| ________ | ________ |
| ________ | ________ |
| ________ | ________ |
| ________ | ________ |
| ________ | ________ |

اس جدول کا استعمال کر کے نیچے دیئے گئے چارٹ میں چہرے بنائیے۔ ہر بچے کے لیے کو اسی سبزی کے اوپر بنائیے جس کو وہ ناپسند کرتے ہیں۔

* سب سے زیادہ ناپسند کی جانے والی سبزی ________
* کون سی سبزی سب سے کم ناپسند کرتے ہیں؟ ________




# ۱۴ روپے اور پیسے

4311CH14












* کاغذ کی ایک شیٹ لیں اور اس کو بیچ سے موڑیں اور کھول لیں۔
* دونوں کونوں 'A' اور 'B' کو اس طرح موڑیں کہ وہ نقطوں والے خط پر ملیں۔
* اب کاغذ کی شیٹ کچھ اس طرح دکھائی دے گی۔
* کاغذ کی شیٹ کے اوپری حصّے کو پیچھے کی طرف موڑیں تاکہ شیٹ کا پچھلا حصّہ کچھ ایسا دکھائی دے اور آگے کا حصّہ کچھ ایسا دکھائی دے۔





* کاغذ کی شیٹ کے آگے والے حصّے کو اوپر رکھیں اور ABاور DCوالے کنارے کو اس طرح موڑیں کہ وہ نقطوں والی خط پر مل سکیں۔


اب یہ کچھ ایسا نظر آئے گا۔



* اوپری حصّہ کو نقطوں والے خط کے برابر موڑیں جس سے یہ کچھ اس طرح کا دکھائی دے۔



* پیچھے کے فلیپ کو نیچے موڑیں۔اب پیسے رکھنے کے لیے بٹوا تیار ہو گیا۔






## اپنے بٹوے کے لیے پیسے

- الگ الگ سکّوں کو اکٹھا کیجیے۔
- ایک سکّے کو کسی ٹھیک سی جگہ پر رکھیے اور اس پر ایک پتلا کاغذ رکھیے۔
- ایک ہاتھ سے کاغذ کو کھینچ کر ( تان کر ) پکڑیئے۔
- پنسل کی نوک کو کاغذ کے اوپر کے حصّے پر گھسیے۔
- دھیرے دھیرے سکّے کی چھاپ کاغذ پر اُبھر آئے گی۔
- چھپے ہوئے کاغذ کے سکّے کو کاٹ کر باہر نکالیے اور اپنے بٹوے میں رکھیے۔



اب کاغذ کو کاٹ کر کچھ نوٹ بنائیے اور ہر نوٹ پر اس کی قیمت لکھیے۔



## پیسے کا کھیل

★ نوٹوں اور سکّوں کا استعمال کرتے ہوئے نیچے دی گئی رقم دکھائیے (اپنے بنائے ہوئے) کچھ پیسے آپ اپنے بنائے ہوئے بٹوے میں بھی رکھ سکتے ہیں



– چھبیس روپے



– ۴ روپے ۵۰ پیسے

– ۷۸ روپے



– ۱۳۰ روپے

– ۸ روپے ۵۰ پیسے



– ۵۳ روپے

ہر تصویر میں نوٹوں اور سکّوں سے دکھائی گئی رقم کو لکھیے۔



ایک سو ایک روپے









# خریداری

یہاں چلیں، اس اسٹور میں اپنے آپ
ہی سامان اٹھا کر خریدنا ہے۔

**(الف) بغیر پنسل اور کاغذ کا استعمال کیے ہوئے قیمت کا پتہ لگاؤ:**

* ایک گیند اور ایک کھلونا گاڑی ـــــ روپے
* ایک کاپی اور دو پنسلیں ـــــ روپے
* دو کیلے اور ایک گلاس دودھ ـــــ روپے
* ایک گڑیا اور ایک گیند ـــــ روپے
* ایک گلاس نیبو پانی اور ایک بسکٹ ـــــ روپے



(ب) کل قیمت معلوم کیجیے:

- ایک کھلونا ژراف، ایک کاپی اور ایک گلاس نیبو پانی ——— روپے
- ایک گلاس دودھ، ایک پیکٹ بسکٹ اور ایک کیلا ——— روپے
- ایک کاپی، دو پینسل اور دو ربر ——— روپے
- دو لڈو، تین ٹافیاں اور دو کیلے ——— روپے

(ج) اگر آپ کے پاس ۲۰ روپے کا نوٹ ہے تو آپ کیا کیا خرید سکتے ہیں۔

- کھلونا گاڑی، ۱ گلاس نیبو پانی، ۱ کیلا
- ————، ————،
- ————، ————،
- ————، ————،
- ————، ————،

| رسید<br>سیلف سروس اسٹور | | | |
|---|---|---|---|
| سامان | درفی سامان | روپے | پیسے |
| | | | |
| | کل | | |




(د) آپ نے جن چیزوں کو خریدا اُن کی ایک رسید بنانی ہے۔

اس سے پہلے کہ ہم اس کو جوڑیں اس کا اندازہ لگائیے کہ آپ کو کتنے پیسوں کی ضرورت ہوگی۔ اس کے بعد معلوم کیجئے کہ کل کتنے پیسے ہوئے اور دیکھئے آپ کو کتنے پیسوں کی ضرورت ہوگی۔ اس کے بعد معلوم کیجئے کہ کل کتنے پیسے ہوئے اور دیکھئے کہ آپ کا اندازہ کتنا صحیح تھا۔

مونو نے نیچے دی گئیں رسیدیں تیار کیں۔ ان رسیدوں کی جانچ کیجیے اور اگر ان میں آپ کو کوئی غلطی دکھائی دے تو اس کو ٹھیک کیجیے۔

**رسید**
**سیلف سروس اسٹور**

| سامان | درفی سامان | پیسے | روپے |
|---|---|---|---|
| ۱ گیند | ۷ | ۰۰ | ۷ |
| ۳ پینسلیں | ۲.۵۰ | ۵۰ | ۷ |
| ۵ ٹافیاں | ۰.۵۰ | ۵۰ | ۲ |
| | کل | ۰۵ | ۱۷ |

**رسید**
**سیلف سروس اسٹور**

| سامان | درفی سامان | پیسے | روپے |
|---|---|---|---|
| ۱ کھلونا گاڑی | | ۰۰ | ۱۵ |
| ۳ گلاس دودھ | ۳.۵۰ | ۰۵ | ۱۰ |
| ۴ کاپیاں | | ۰۰ | ۲۰ |
| | کل | ۰۵ | ۴۵ |

**رسید**
**سیلف سروس اسٹور**

| سامان | درفی سامان | پیسے | روپے |
|---|---|---|---|
| ۱ کھلونا گاڑی | ۶.۵۰ | ۵۰ | ۶ |
| ۳ پینسلیں | ۲.۵۰ | ۵۰ | ۷ |
| ۷ ٹافیاں | ۰.۵۰ | ۵۰ | ۳ |
| ۱ بسکٹ | ۴.۵۰ | ۵۰ | ۴ |
| | کل | ۰۰ | ۲۲ |

* انھیں جوڑیے:

c) ۳۰.۰۰ روپے
+ ۳۱.۵۰ روپے

b) ۵۵.۵۰ روپے
+ ۱۴.۰۰ روپے

a) ۱۲.۵۰ روپے
+ ۱۳.۰۰ روپے

* انھیں گھٹائیے:

c) ۱۴.۴۰ روپے
− ۷.۰۰ روپے

b) ۱۰۳.۵۰ روپے
− ۶۲.۰۰ روپے

a) ۲۵.۵۰ روپے
− ۱۱.۵۰ روپے

(ہ) آپ کے پاس ۳۰ روپے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ ذیل سامان کو خریدتے ہو تو آپ کے پاس کتنے پیسے بچیں گے؟

* ایک گیند، ایک گڑیا اور ایک کھلونا ژراف
کل قیمت ______ پیسے بچے ______

* دو کیلے، ایک پیکٹ بسکٹ اور دو گلاس نیبو پانی
کل قیمت ______ پیسے بچے ______



* تین کاپیاں، دو پینسل اور دو ربر

کل قیمتیں ______ پیسے بچے ______



## مشق کا وقت



(الف) تین دوست مل کر کرکٹ کا ایک بلّا اور گیند خریدنا چاہتے ہیں۔ بینا کے پاس ۴۸.۵۰ روپے، رمن کے پاس ۵۵.۵۰ روپے اور وینو کے پاس ۳۸.۵۰ روپے ہیں۔ کل ملا کر ان کے پاس کتنے روپے ہیں؟





(ب) ہری نے ۶۲.۵۰ روپے کا ریل کا ٹکٹ لیا۔ اس نے ۱۰۰ روپے کا نوٹ دیا۔ اس کو ٹکٹ کے ساتھ کتنے روپے واپس ملیں گے۔

(ج) گیتا اپنے دوستوں کے ساتھ بازار گئی۔ اس نے ۵۸ روپے، ۳۷ روپے اور ۲۲ روپے کا سامان خریدا۔ گیتا کے پاس ۱۰۰ روپے کا نوٹ ہے۔ اس کو بل ادا کرنے کے لیے اپنے دوستوں سے اور کتنے پیسے لینے ہوں گے؟

## ممبئی خبر نامہ

### کارخانہ سے بچوں کو چھڑایا گیا



ایک چوڑی بنانے والے کارخانہ کے کام کرنے والے ۱۰ چھوٹے بچوں کو آج چھڑایا گیا۔ اخبار کے رپورٹر اور پولیس نے ان کا وہاں برا حال دیکھا۔ کارخانہ میں بچوں سے کافی مشکل کام کروائے جاتے تھے۔ انھیں ایک دن میں صرف ۲۰ روپے ملتے تھے۔

بچے اپنے گاؤں کے گھر میں واپس جا کر بہت خوش ہوئے۔ وہ ایک خاص اسکول میں جائیں گے تاکہ وہ اپنی عمر کے دوسرے بچوں کی طرح پڑھنا لکھنا سیکھ سکیں۔ بچوں سے اس طرح کام کروا کر کارخانے کا مالک اپنا پیسہ بچا رہا تھا۔ اب پولیس اپنا کام کرے گی۔



چلیے دیکھتے ہیں کہ کارخانے کے مالک نے کتنے پیسے بچانے کی کوشش کی

۱ آدمی کو کام کے لیے ملنے چاہئیں = ۸۵ روپے روزانہ

۱ بچے کو دیے گئے = ۲۰ روپے روزانہ

۱ آدمی پر کارخانے والے نے بچائے ـــــ - ۸۵ روپے = ۶۵ روپے روزانہ

۱۰ آدمی پر کارخانے والے نے بچائے

۶۵ × ۱۰ روپے = ـــــ روپے روز

### معلوم کیجیے


آپ کے علاقے میں کیا ایسی دوکانیں اور کارخانے ہیں جہاں چھوٹے بچے سے کام کروایا جاتا ہے؟

ان میں سے کچھ بچوں سے بات کیجیے؟

انھیں وہاں کتنے پیسے ملتے ہیں؟

ضروری نہیں ہے کہ پیسے کی سمجھ صرف خریدنے اور بیچنے کو ہی لے کر ہو۔ ٹیچر اس سے جڑے ہوئے مسئلوں پر بچوں کے اپنے تجربات کے بارے میں بات کر سکتے ہیں جیسے مزدوری اور کام وغیرہ۔







## ریل کا سفر

یہ ریل نیوجلپائی گوڑی سے گوہاٹی تک جاتی ہے۔

راستے میں یہ نیامال، علی پوردوار اور گوال پاڑہ اسٹیشنوں پر رکتی ہے۔

الگ الگ اسٹیشنوں کے لیے ریل کے ٹکٹ کی قیمتیں نیچے جدول میں دکھائی گئی ہیں۔

| نیوجلپائی گوڑی سے دوری (کلومیٹر میں) | اسٹیشن | کرایہ (روپے میں) |
|---|---|---|
| ۵۷ | نیومال | ۱۲.۵۰ |
| ۱۷۵ | علی پوردوار | ۲۸.۰۰ |
| ۳۶۶ | گوال پاڑہ | ۴۹.۵۰ |
| ۴۹۵ | گوہاٹی | ۶۲.۵۰ |



## فاصلہ معلوم کیجیے:

(۱) نیو مال سے گوہاٹی تک ــــــ

(۲) نیو مال سے گوال پاڑہ کے بیچ ــــــ

(۳) علی پور دوار سے گوہاٹی تک ــــــ

(۴) نیو مال سے علی پور دوار کے بیچ ــــــ

(۵) گوال پاڑہ سے گوہاٹی تک ــــــ

## ٹکٹ کی قیمت معلوم کیجیے:

(۱) بھوپین کو نیو جلپائی گوڑی سے علی پور دوار جانا ہے۔ اس کا ٹکٹ کتنے کا ہوگا؟

(۲) اندرا کو نیو جلپائی گوڑی سے گوال پاڑہ جانا ہے۔ اس کے ٹکٹ کے لیے کتنے پیسے دینے ہوں گے؟

(۳) دیبو، سیما اور گوبند نیو جلپائی گوڑی سے نیو مال تک جا رہے ہیں۔ تین ٹکٹوں کے لیے انھیں کتنے پیسے دینے ہوں گے؟ انھوں نے پچاس روپے کا نوٹ دیا۔ انھیں کتنا پیسہ واپس ملے گا۔

ارے واہ! ہمیں ہماری ریل کے ٹکٹ مل گئے۔



# کاٹنے کے لیے ایک صفحہ


۵ ٹکڑوں والا ٹنگرام (صفحہ ٦٦)




۷ ٹکڑوں والا ٹنگرام (صفحہ ٦٧)




ان ٹائلوں کو کاٹ کر نکالیے اور کارڈ پر چپکائیے۔ ہر قسم کی ٹائل کی چھاپ لے کر بہت ساری ٹائلیں بنائیے اور ان سے فرش کو ڈھکیے۔ انھیں فرش پر بچھائیے۔





انھیں کاٹ کر نکالئے اور روپے پیسے کے کھیل میں استعمال کیجیے۔